
# BOOK INFO

| | |
|---|---|
| Subject | Islamic Studies |
| Title: | MERI ISLAMIYAT KI KITAB 4 |
| Author: | Riaz Ahmed |
| Pages: | 92 |
| Size: | 18 cm X 23.50 cm |
| Binding: | C.B Center Pin |
| Ist Edition: | 2005 |
| Latest Edition: | 2005 |
| Printing: | 4 Colours |
| ISBN: | 978-969-584-109-9 |
| Price: | Rs. 85.00 |

# میری
# اِسلامیات کی کِتاب



ریاض احمد
ایم۔اے' اسلامیات؛ ایم۔اے' عربی
ایم۔اے' پولیٹیکل سائنس؛ ایل ایل بی' بی۔ایڈ

چوتھی جماعت کے لیے

بُک سنٹر
لاہور' پاکِستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

میرا نام ______________ ہے۔

اب میں چوتھی جماعت میں ہُوں۔

## یہ میری اِسلامیات کی کِتاب ہے۔

آیئے، دیکھیں اس کِتاب میں کون سا سبق کِس صفحہ پر ہے۔


| | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| پہلا باب | : قرآن مجید | 5 |
| | 1 ناظرہ قرآن: پارہ نمبر 2 تا 4 | 6 |
| | 2 حفظِ قرآن: سورۃ الکٰفرون، سورۃ النصر، سورۃ اللھب | 6 |
| | 3 حفظ و ترجمہ: رکوع کی تسبیح، تسمیع و تحمید، سجدہ کی تسبیح، سورہ اخلاص | 6 |
| دوسرا باب | : ایمانیات و عبادات | 10 |
| | 1 ایمان کے اجزا | 11 |
| | 2 ارکانِ اسلام | 16 |
| | 3 نماز | 20 |
| | 4 مسجد کا احترام | 25 |
| | 5 اللہ تعالیٰ کے حقوق | 29 |
| | 6 بندوں کے حقوق | 32 |
| تیسرا باب | : اُسوۂ حسنہ | 36 |
| | 1 نزولِ وحی | 37 |
| | 2 اسلام کی دعوت | 42 |
| | 3 ثابت قدمی | 47 |
| | 4 ہجرتِ حبشہ | 51 |
| | 5 شِعبِ ابی طالب | 55 |
| | 6 طائف کا سفر | 59 |
| | 7 معراج النبیؐ | 63 |
| | 8 ہجرتِ مدینہ | 67 |
| چوتھا باب | : اخلاق و آداب | 71 |
| | 1 ایمان داری | 72 |
| | 2 خدمتِ خلق | 74 |
| | 3 سادگی | 78 |
| | 4 وقت کی پابندی | 82 |
| | 5 آدابِ مجلس | 86 |
| | 6 وطن سے محبت | 89 |

# اِیمان کے اجزا

## 1. اِیمان کا مفہوم و مطلب

ایمانیات اور ایمان کے لفظی معنی **عقیدہ** اور **یقین** کے ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلّی اللہ علیہ وَ آلہٖ وسلّم کی باتوں کو دل سے سچا جاننا اور زبان سے کہنا کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلّی اللہ علیہ وَ آلہٖ وسلّم کی باتیں سچ ہیں' **اِیمان** کہلاتا ہے۔ اِسی کو دِل کی تصدیق اور زبان کا اقرار کہتے ہیں۔ اسلامی تعلیم کے مطابق اِیمان کے اجزا مندرجہ ذیل ہیں۔

اِنہیں اسلام کے بنیادی **عقائد** بھی کہتے ہیں۔

### i. اللہ تعالیٰ پر ایمان

اللہ تعالیٰ پر ایمان سے مراد یہ ہے کہ ہمیں اِس بات پر یقین رکھنا چاہیئے کہ ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا۔ وہی ہمیں رِزق دیتا ہے۔ وہ **ایک** ہے۔ اُس کا کوئی **شریک نہیں**۔ ہمیں صرف اُس کی عبادت کرنی چاہیئے اور اُسی سے دُعا مانگنی چاہیئے۔ **سب اُس کی مخلوق ہیں**۔ سب کو رِزق' عزّت' بڑائی اور خوبی وہی عطا کرتا ہے۔

### ii. فرشتوں پر ایمان

فرشتوں پر ایمان سے مراد یہ ہے کہ ہمیں اِس بات پر یقین رکھنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق وہ ہے جسے **فرشتہ** کہتے ہیں۔ فرشتوں کو اللہ نے نور سے پیدا کیا۔ وہ ہمیں نظر نہیں آتے۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کے ذِمّے مختلف کام لگائے ہوئے ہیں۔ وہ دیانتداری سے اُن فرائض کو ادا کرتے ہیں۔ قرآنِ کریم نے بتایا ہے کہ وہ ہر حال میں اللہ کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ چند مشہور فرشتوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

(i) حضرت جبرائیل علیہ السلام
(ii) حضرت اسرافیل علیہ السلام
(iii) حضرت میکائیل علیہ السلام
(iv) حضرت عزرائیل علیہ السلام

## iii. الہامی کتابوں پر ایمان

ایک حدیث کے مطابق ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر دنیا میں تشریف لائے۔ اُن میں کئی رسُول تھے۔ اللہ تعالیٰ نے رسولوں پر کتابیں نازل فرمائیں۔ اُن میں سے چار مشہور ہیں۔ اُن کتابوں کے نام اور جن پیغمبروں پر یہ کتابیں نازِل ہوئیں اُن کے نام نیچے دیئے گئے ہیں:

(1) توراۃ: حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازِل ہوئی۔
(2) زَبور: حضرت داوٗد علیہ السلام پر نازِل ہوئی۔
(3) اِنجیل: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازِل ہوئی۔
(4) قرآنِ کریم: یہ آخری الہامی کتاب آخری پیغمبر حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وَآلہٖ وسلّم پر نازِل ہوئی۔

اِن کتابوں میں قرآنِ کریم ایک محفوظ کتاب ہے۔ یہ آج بھی اُسی حالت میں ہے جس حالت میں یہ حضرت محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وَآلہٖ وسلّم پر نازِل ہوئی۔ اِس کی حفاظت کا ذِمّہ خود اللہ تعالیٰ نے لیا ہے۔

## iv. انبیاء علیہم السلام پر ایمان

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لئے نبی بھیجے اور اپنی وحی کے ذریعے اُن کی راہنمائی کی۔ انبیاء علیہم السلام نے نہایت ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ اللہ کا پیغام لوگوں تک پہنچایا۔ اللہ تعالیٰ کی مرضی جاننے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی تعلیم کو جانا جائے۔ یہ بات یاد رکھیں کہ نبی کی اطاعت ہی دراصل اللہ کی اطاعت ہے۔ کائنات کے سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام نبی اور رسُول تھے۔ اللہ تعالیٰ نے نبوت اور رسالت کا یہ سلسلہ حضرت محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وَآلہٖ وسلّم پر ختم کر دیا اور آپ صلّی اللہ علیہ وَآلہٖ وسلّم کی سیرت کو انسانوں کے لئے نمونہ قرار دیا۔

## 2. مناسب لفظ سے خالی جگہ پُر کیجیے۔

(i) ہم سب کو اللہ نے ............................ فرمایا۔

(ii) زبور حضرت ............................ علیہ السلام پر نازِل ہوئی۔

(iii) اِنجیل حضرت ............................ علیہ السلام پر نازِل ہوئی۔

(iv) نبی کی ............................ دراصل اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے۔

(v) کافر اور ............................ ہمیشہ کے لئے جہنّم میں رہیں گے۔

## 3. مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔

(i) کون سی کتاب اِس وقت ہدایت کا واحد ذریعہ ہے؟

..............................................................................................

(ii) چار مشہور الہامی کتابوں کے نام لکھیے۔

(الف) ............... (ب) ............... (ج) ............... (د) ...............

(iii) کس کتاب کی حفاظت کا ذِمّہ خود اللہ نے لیا ہے؟

..............................................................................................

(iv) سب سے پہلے اور آخری انبیاء علیہم السلام کے اسمائے گرامی لکھیے۔

(الف) ............................ (ب) ............................

## کتابی مشق ـــــــ طلبا کی سہولت کے لیے پہلا سوال حل کر دیا گیا ہے۔

## 1۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے۔

(i) س۔ ایمان کسے کہتے ہیں؟

ج۔ کسی بات کو سچے دِل سے مان لینا' اُس پر یقین رکھنا اور اُس کا زبان سے اقرار کرنا اِیمان کہلاتا ہے۔

(ii) س۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا مطلب کیا ہے؟

ج۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ ہم اُسے ایک مانیں' صفات کے لحاظ سے بے مثال جانیں' صرف اُسی کی عبادت کریں اور اُس کو ہر چیز پر قادر جانیں۔

(iii) س۔ مقرب فرشتوں کے نام لکھیں۔

ج۔ اللہ تعالیٰ کے چار مقرب فرشتے مندرجہ ذیل ہیں:

i۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام ii۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام

iii۔ حضرت میکائیل علیہ السلام iv۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام

(iv) س۔ کون سی کتاب ہدایت کا واحد ذریعہ ہے؟

ج۔ قرآن مجید ہدایت کا واحد ذریعہ ہے۔

(v) س۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کیوں بھیجے؟

ج۔ اللہ تعالیٰ نے اِنسانوں کی ہدایت کے لیے نبی بھیجے۔

(vi) س۔ چار مشہور الہامی کتابوں کے نام لکھیے۔

ج۔ چار مشہور الہامی کتابوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

i۔ تورات ii۔ زبور iii۔ اِنجیل iv۔ قرآن کریم

(vii) س۔ آخرت سے کیا مراد ہے؟

ج۔ آخرت سے مراد یہ ہے کہ ایک دِن ایسا آئے گا کہ اللہ کے حکم سے حضرت اسرافیلؑ صور پھونکیں گے تو ساری دُنیا ختم ہو جائے گی۔ پھر اللہ کے حکم سے صور پھونکیں گے تو اللہ تعالیٰ ہر اِنسان کو دوبارہ زندگی بخشیں گے اور نیک لوگوں کو جنت اور بُروں کو جہنم میں ڈالیں گے۔ یہی آخرت ہے۔

## 2. مناسب لفظ چُن کر خالی جگہ پُر کیجیے۔

(i) قیامت کے دِن انسانوں کے ..................... کا حساب ہوگا۔

(ii) فرشتے ہر وقت اللہ کی ..................... کرتے ہیں۔

(iii) حضرت ..................... اللہ کے آخری نبی ہیں۔

(iv) زِندگی اور موت ..................... کے ہاتھ میں ہے۔

(v) قرآنِ مجید کی ..................... کا ذِمّہ اللہ نے خود لیا ہے۔

| |
|---|
| اللہ تعالیٰ |
| حفاظت |
| محمد مصطفیٰ ﷺ |
| فرمانبرداری |
| اعمال |